یادیں (انگریزی) از جناب رحم علی الہاشمی، تقطیع خورد، ضخامت ۹۴ صفحات، طباعت، ٹائپ اور کاغذ سب اعلیٰ۔ قیمت -/10 پتہ: جناب مصنف نمبر 6، شبلی روڈ، علی گڑھ

جناب رحم علی الہاشمی کی تمام عمر صحافت اور جرنلزم میں گذری ہے اور صحافت بھی انگریزی اور اردو دونوں زبانوں کی جن کی تحریریں آپ کو غیر معمولی قدرت اور یدِطولیٰ حاصل ہے، آپ نے جن اردو کتابوں کا ترجمہ انگریزی میں اور جن انگریزی کتابوں کا ترجمہ اردو میں کیا ہے (بعض انگریزی کی طویل نظموں کا ترجمہ اردو نظم میں بھی اس میں شامل ہیں) وہ سب موصوف کی مہارت فن اور استعداد کامل کا ثبوت ہے، اس حیثیت سے مشاہیر اربابِ سیاست، مصنفین و محققین، ادبا و شعرا، اساتذہ، علما، اور صوفیا سے آپ کا قریبی تعلق رہا ہے اور آپ نے ان کی سیرت کا مطالعہ دیدۂ بینا سے کیا ہے، ان سب حضرات سے متعلق اپنے تاثرات موصوف نے ۱۹۴۳ء میں قلمبند کر لئے تھے، مگر بدقسمتی سے وہ مسودہ گم ہوگیا، اب ایک عرصہ کے بعد حافظہ کی مدد سے انھیں چند مزید ناموں کے اضافہ کے ساتھ پھر قلمبند کیا ہے، یہ کتاب اسی گم شدہ مسودہ کا نقش ثانی ہے۔ شروع کے ساٹھ صفحات میں لائق مصنف نے اپنے ذاتی حالات وسوانح لکھے ہیں جو نہایت دلچسپ، موثر اور سبق آموز ہیں۔ آج کل کے نوجوانوں کو ان کا مطالعہ ضرور کرنا چاہئے تاکہ انھیں معلوم ہو کہ ذہانت کے ساتھ محنت اور لگن اور خلوص کیا چیزیں ہیں جو ایک انسان کو کہاں سے کہاں پہونچا دیتی ہیں، زبان و بیان شگفتہ و رواں اور موثر ہے، امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے شادکام ہوں گے۔

بانی درس نظامی ملا نظام الدین محمد از مولانا مفتی محمد رضا انصاری فرنگی محلی، تقطیع کلاں، ۲۰۳ صفحات، کتابت طباعت اور کاغذ بہتر، قیمت پندرہ روپیہ، پتہ: فرنگی محل کتاب گھر ۱۰۹ فرنگی محل، لکھنؤ ۔۳

عجیب بات ہے کہ حضرت شاہ ولی اللہ الدہلوی اور درس نظامی کے بانی ملا نظام الدین محمد